# کنٹرولر
# پرسنل ڈیٹا پرائیویسی پالیسی

تھل لمیٹڈ آپ کی پرائیویسی اور ذاتی معلومات و ڈیٹا کے تحفظ کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے اسٹیک ہولڈرز اس امر کو سمجھیں کہ ہم ان کا استعمال اور اس کا تحفظ کیسے کرتے ہیں۔ پرسنل ڈیٹا کی پرائیویسی پالیسی (''پرائیویسی پالیسی'') اس عمومی طریقہ کار کی وضاحت کرتی ہے کہ ہم کیسے آپ سے لئے جانے والے پرسنل ڈیٹا کو اکٹھا کرتے ہیں، اُس تک رسائی حاصل کرتے ہیں، اُس کو محفوظ، منتقل، استعمال، ہینڈل اور شیئر کرتے ہیں۔ اس پالیسی میں ''ہم''، ''ہمیں''، ''ہمارے'' کا حوالہ تھل لمیٹڈ اور منسلکہ اداروں اور ملحقہ کمپنیوں اور ہمارے اور ان کے متعلقہ ملازمین کے لیے دیا گیا ہے۔

یہ پرائیویسی پالیسی ہماری جانب سے اکٹھے کیے گئے ڈیٹا پر لاگو ہوتی ہے۔ یہ ان افراد اور اداروں کیلئے ہے جو ہمارے کاروبار کے ساتھ کسی بھی حیثیت اور کسی بھی طریقہ سے رابطے میں ہیں۔ اس میں ہمارے صارفین، وینڈرز، سپلائرز، ہماری ویب سائٹ اور پاکستان بھر میں ہمارے دفاتر پر آنے والے وزیٹرز، ہمارے سسٹمز اور ایپلی کیشنز کو استعمال کرنے والے بشمول ملازمین (**''یوزرز''**) شامل ہیں۔ یہ پالیسی کوئی معاہدہ نہیں ہے اور نہ ہی کوئی قانونی حقوق اور ذمہ داریوں کی حامل ہے۔ کوئی بھی ایسے معاملے جہاں کمپنی کسی بین الاقوامی صارفین اور سپلائرز کے ساتھ کسی معاہدہ ایگریمنٹ میں داخل ہوتی ہے تو باہمی تعلقات، بشمول پرائیویسی اور پرسنل ڈیٹا سے متعلق تمام شرائط و ذمہ داریاں، ان معاہدوں کی شقوں کے مطابق طے پائیں گی۔

کمپنی کے ساتھ رابطہ قائم کرکے اور کاروباری لین دین کرکے، بشمول ہماری ویب سائٹس اور سسٹمز تک رسائی حاصل کرکے، آپ اس پرائیویسی پالیسی میں بیان کردہ شرائط کے مطابق اپنی کسی بھی ذاتی معلومات اور ڈیٹا، بشمول شناخت سے متعلق معلومات، کو محفوظ رکھنے، استعمال کرنے، منتقل کرنے اور شیئر کرنے کی رضا کارانہ منظوری، تصدیق اور اجازت فراہم کرتے ہیں۔

## اے۔ پرسنل ڈیٹا جو ہم حاصل/ وصول کر سکتے ہیں

ہم آپ سے جو پرسنل ڈیٹا حاصل کر سکتے ہیں یا موصول کرتے ہیں، ان کی اقسام کا انحصار آپ کی کمپنی کے ساتھ تعامل اور آپ کی طرف سے فراہم کردہ معلومات پر ہوتا ہے۔

**اگرچہ درج ذیل میں سے متعدد آپ پر لاگو نہ ہوں گی، کمپنی کی جانب سے وصول یا اکٹھا کردہ پرسنل ڈیٹا میں درج ذیل شامل ہو سکتا ہے لیکن یہ اس تک محدود نہیں ہے:**

۱۔ **ذاتی شناختی معلومات:** جیسا کہ مکمل نام، تاریخ پیدائش اور مقام، صنف، عمر، قومیت، فرقہ، مذہب، رہائش کا حامل شہر، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی)، این ٹی این نمبر/ ایس ٹی آر این/ ایس ٹی این، بائیومیٹرکس؛

۲۔ **رابطہ کی معلومات:** ای میل ایڈریسز، ڈاک کا پتہ، موبائل، فون اور فیکس نمبرز، سوشل نیٹ ورک/ میڈیا ہینڈلز؛

۳۔ **امیدوار دہندہ/ ملازم کی معلومات:** امیدوار ملازمت کے لئے درخواست جمع کراتے وقت کسی بھی پلیٹ فارم بشمول تاہم اس تک محدود نہیں، اپنی سی وی میں فراہم کی گئی معلومات، تعلیم اور ملازمت کی ہسٹری، ازدواجی حیثیت، ادارہ جاتی اور سرکاری وابستگی، گھریلو معلومات، پس منظر سے متعلق معلومات، صحت اور ویکسینیشن سے متعلق ڈیٹا، پے رول کی معلومات وغیرہ؛

۴۔ **مالی معلومات:** آفیشل بزنس کے مقاصد سے متعلق ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈ کے اسٹیٹمنٹس، ملازم کی مالیاتی اور ٹیکسیشن سے متعلق معلومات؛

۵۔ **لین دین کی معلومات:** ہماری مصنوعات اور خدمات کے بارے میں دریافت کردہ معلومات اور خریداری کی ہسٹری، ایسی معلومات جو ہمیں آپ کے لئے بہترین مصنوعات اور خدمات کی شناخت میں ہماری مدد کر سکے اور ہماری مصنوعات اور خدمات کے بارے میں آپ کی رائے بشمول ہماری ویب سائٹس پر موجود معلومات اور مارکیٹ ریسرچ کے دوران حاصل کردہ معلومات؛

۶۔ **مفصل اکاؤنٹ لاگ اِن کی تفصیلات:** کمپنی کی آفیشل اکاؤنٹ لاگ اِن معلومات بشمول آئی ڈیز، اکاؤنٹ اسٹیٹس، سسٹم کے شناخت دہندگان، آئی پی ایڈریسز؛

۷۔ **آلات کی معلومات:** کمپیوٹر، موبائل اور الیکٹرونک آلات سے حاصل معلومات جو اس وقت استعمال ہوتی ہیں جب یہ ہمارے سسٹم اور نیٹ ورک سے منسلک ہوں ان میں آپ کے انٹرنیٹ سے متعلق ڈیٹا شامل ہے اور برائزنگ کے روابط، سرچ ہسٹری، براؤزر ٹائپ، آپریٹنگ سسٹم، ملازم کے ڈیوائس کی تفصیلات، لوکیشن کی معلومات اور دیگر استعمال کردہ ڈیٹا؛

۸۔ **دیگر معلومات:** کمپنی کی جانب سے استعمال شدہ/فراہم کردہ سروس فراہم کرنے والے/صارف کے سافٹ ویئر کی ایپلی کیشنز پر موجود معلومات سی سی ٹی وی فوٹیج۔

**نوٹ:**

ہم کبھی بھی حساس مالیاتی معلومات جیسا کہ بینک لاگ اِن کی تفصیلات یا پاس ورڈ کسی بھی طور یا طریقہ کار کے ذریعے فراہم کرنے کی درخواست نہیں کریں گے۔ براہِ مہربانی کسی بھی ذریعے سے ایسی معلومات کے لئے کسی غیر ضروری درخواستوں کے حوالے سے محتاط رہیں۔

## بی۔ ہم اکٹھی کی گئی جو معلومات کا استعمال کیسے کرتے ہیں (''مقاصد'')

ہم آپ سے جو معلومات حاصل کرتے ہیں اور آپ کی ذاتی معلومات کا استعمال اپنے جائز اور متعلقہ مقاصد، عمومی تجارتی اور کاروباری مقاصد، معاہداتی ذمہ داریوں کی تکمیل، آپ کے ساتھ اپنے روابط اور خدمات کو بہتر کرنے اور آپ کی یوزر کے تجربے کو ذاتی نوعیت دینے کے لئے کر سکتے ہیں۔ ہم آپ سے فراہم کردہ ڈیٹا کو قانونی تقاضوں کے مطابق استعمال کر سکتے ہیں تا کہ قوانین اور ذمہ داریوں کی پابندی کو یقینی بنایا جا سکے، نیز جسمانی اور آن لائن تحفظ، سلامتی اور حقوق کی حفاظت کی جا سکے۔

## سی۔ ہم آپ کی معلومات کیسے شیئر کر سکتے ہیں

آپ سے متعلق معلومات بشمول آپ کا ذاتی ڈیٹا ہمارے منسلکہ اداروں اور ہمارے گروپ کے اندر اور تھرڈ پارٹی اداروں بشمول ہمارے مجاز نمائندوں، ٹھیکیدار، کاروباری شراکت دار اور مقامی و بین الاقوامی سروس پرووائیڈرز یا ریگولیٹری حکام یا قانون کے تحت مطلوبہ محکموں میں شیئر کیا جا سکتا ہے۔ ایسی شیئرنگ آپریشنل مقاصد، کام کی تکمیل، کاروباری مقاصد، معاہداتی ذمہ داریوں، قانونی امور اور اس صورت میں ہو سکتی ہے جب سروس پرووائیڈر سافٹ ویئر اور سروسز کے استعمال کے لیے درکار ہو۔

## ڈی۔ ڈیٹا اور معلومات کی سیکیورٹی کو برقرار رکھنا

ملازمت کے امیدواروں اور انٹرن شپ کے درخواست گزاروں سے متعلق معلومات کو ہمارے نظام میں مستقبل میں ممکنہ ملازمت کے مواقع کیلئے محفوظ رکھا جائے گا۔ ڈیٹا محفوظ رکھنے کی مدت مختلف عوامل کی بنیاد پر طے کی جاتی ہے، جن میں شامل ہیں: آپ کے ساتھ ہمارا جاری تعلق اور اس کی نوعیت و مدت، وہ مدت جس کے دوران آپ ہماری خدمات استعمال کر رہے ہیں، کوئی بھی لاگو محدود مدت اور متعلقہ قانونی، ریگولیٹری اور آڈٹ کی ذمہ داریوں پر عملدرآمد کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

ہم معلومات کے تحفظ سے متعلق ٹیکنالوجیز میں انویسٹ کرتے ہیں اور آپ کے پرسنل ڈیٹا کے تحفظ کے لئے مناسب الیکٹرونک، عملی اور موزوں طریقہ کار پر مبنی حفاظتی اقدامات کا استعمال کرتے ہیں۔ اگرچہ ہم آپ کی معلومات کے تحفظ کے لئے مناسب اقدامات اور احتیاطی تدابیر کو بھی بروئے کار لاتے ہیں، آپ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ کوئی بھی حفاظتی اقدام پرسنل ڈیٹا کی حفاظت بالخصوص جب ڈیٹا انٹرنیٹ کے ذریعے منتقل کیا جا رہا ہو اس دوران سیکیورٹی برقرار رکھنے کی ضمانت نہیں دیتا اور ہم بھی ڈیٹا حفاظت کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہمارے ساتھ اشتراک کے ذریعے آپ اس امر کو سمجھتے ہیں اور اس امر کو تسلیم کرتے ہوئے رضا کارانہ طور پر اس ممکنہ خطرے کو قبول کرتے ہیں کہ آپ کا پرسنل ڈیٹا متاثر ہو سکتا ہے اور آپ بذریعہ ہٰذا ہمیں ایسی کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں اس ذمہ داری سے رضا کارانہ طور پر بری الزمہ کرتے ہیں۔

ہم اس حوالے سے آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ ہمیشہ انٹرنیٹ پر معلومات کی منتقلی اور اس کے استعمال، بالخصوص ذاتی شناخت کی معلومات مثلاً سی این آئی سی کی تفصیلات وغیرہ کے حوالے سے سخت احتیاط برتیں اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ کسی خلاف ورزی کے ماخز کا سوراخ لگانا ممکن نہیں ہوگا، خاص طور پر ایسی معلومات کے حوالے سے جو عام طور پر افراد مختلف اداروں کو فراہم کرتے ہوں جیسا کہ سی این آئی سی نمبرز اور تصاویر، کریڈٹ کارڈ کی تفصیل، فون نمبرز، رہائشی پتہ وغیرہ۔ آپ اس امر کو سمجھتے اور تسلیم کرتے ہیں کہ کمپنی آپ کے ڈیٹا کے غلط استعمال کے نتائج کی صورت میں ہونے والے کسی بھی نقصان کے لئے ذمہ دار نہیں ہوسکتی اور نہ ہی اسے کسی بھی طور پر ذمہ دار ٹھہرایا جا سکے گا۔

## آپ کی پرائیویسی کے حقوق

ہم پُر زور سفارش کرتے ہیں کہ آپ اس پرائیویسی پالیسی کو انتہائی باریک بینی سے پڑھ لیں اور اسے اچھی طرح سمجھنے کے بعد کمپنی کے ساتھ کسی بھی معاملت اور رابطے سے قبل اپنی پرائیویسی پالیسی سے خود کو واقف کریں۔ اگرچہ ہم ان تیسرے فریق کو جن کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کیا جاتا ہے، اپنی پرائیویسی پالیسی سے آگاہ کرتے ہیں، تاہم ہماری پرائیویسی پالیسی اس بات پر لاگو نہیں ہوتی کہ وہ تیسرے فریق آپ کے ذاتی ڈیٹا کو کس طرح استعمال یا سنبھالتے ہیں۔

اس صورت میں کہ اگر آپ اپنے پرسنل ڈیٹا کے بارے میں جاننا، رسائی، ڈیٹا میں درستی یا ترمیم کی درخواست کرنا یا اس کی پروسیسنگ کے لیے اجازت واپس لینا چاہیں تو ہم قابل قبول حد تک ایسی درخواستوں پر عمل کرنے کی اپنی بہترین کوشش کریں گے۔ تاہم براہِ مہربانی آگاہ رہیں کہ ہم کچھ مخصوص حالات میں اور جہاں ہمیں کچھ قانونی یا دیگر معلومات کو کاروباری مقاصد کے لیے برقرار رکھنے کی ضرورت ہو تو ایسی صورت میں کسی تبدیلی یا اس میں درستی کے لیے درخواستوں پر مکمل عملدرآمد کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔

براہِ کرم نوٹ فرمالیں کہ اگر آپ کسی بھی حیثیت سے اور کسی بھی ذریعے سے ہمارے ساتھ رابطہ قائم کرنے یا رابطہ جاری رکھنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے ہماری پرائیویسی پالیسی کے مطابق اپنی معلومات، بشمول شناختی معلومات، کے جمع کئے جانے، ان تک رسائی، ذخیرہ، منتقلی، ترسیل، محفوظ رکھنے، استعمال، انتظام، اشتراک اور پروسیسنگ کی رضامندی دے دی ہے۔ اگر آپ اپنے ڈیٹا کی وصولی اور پروسیسنگ کے لیے فراہم نہ کرنے یا اجازت نہ دینے کا انتخاب کرتے ہیں تو ہم مطلوبہ سروسز آپ کو فراہم کرنے سے قاصر ہوں گے۔

### ای۔ کوکیز

کوکیز ڈیٹا کی فائلز/ چھوٹے حصے ہیں جو کہ ویب سائٹس کے ذریعے آپ کے کمپیوٹر کی شناخت اور ریکارڈ مرتب کرنے کے مقاصد کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ہماری کمپنی کی ویب سائٹس، آن لائن خدمات اور اشتہارات کوکیز، سیشن کوکیز کو استعمال کر سکتے ہیں اور بہتر شناخت کے لئے آئی پی ایڈریسز کو ٹریک کرنے، حسب ضرورت بنانے اور بہتر کرنے، آپ کے ڈیٹا کو محفوظ بنانے کے لئے ویب سائٹس کے استعمال اور ہماری ویب سائٹ کے ساتھ آپ کے روابط کے بارے میں تیکنیکی معلومات کو محفوظ بنانے کے لئے استعمال ہو سکتے ہیں۔

### ایف۔ ہماری پرائیویسی پالیسی میں تبدیلیاں

ہم اپنی پرائیویسی پالیسی کو وقتاً فوقتاً اَپ ڈیٹ کرتے رہتے ہیں اور ایسی کوئی بھی تبدیلی اس وقت سے موثر سمجھی جائے گی جب ہم نئی پالیسی کو اپنی ویب سائٹ پر شائع کریں گے۔ ہم اس امر کے لئے آپ کی حوصلہ افزائی کریں گے کہ آپ باقاعدگی سے ہماری اَپ ڈیٹڈ پرائیویسی پالیسی کا جائزہ لینے کے لئے ہماری ویب سائٹس ملاحظہ کریں۔

### جی۔ دیگر ویب سائٹس سے اشتراک

ہماری ویب سائٹس تھرڈ پارٹی کی سائٹس سے منسلک، پلگ اِنس، پاپ اپس یا دیگر آن لاین سروسز سے منسلک ہوسکتی ہیں، براہِ مہربانی نوٹ کرلیں کہ کمپنی کسی بھی طریقے سے کسی دیگر ویب سائٹ اور دیگر آن لائن سروسز کی پرائیویسی یا حفاظتی طریقہ کار کے لئے ذمہ دار نہ ہوگی۔ لہٰذا کسی بھی پرسنل ڈیٹا فراہم کرنے سے قبل اپنے زیر استعمال/ رسائی حاصل کرنے والی ہر ایک تھرڈ پارٹی ویب سائٹ یا دیگر آن لائن سروس کے لئے احتیاط سے ڈیٹا پروٹیکشن/ پرائیویسی پالیسی کا جائزہ لیں۔

## ایچ۔ ہم سے کیسے رابطہ کریں

اگر اس پرائیویسی پالیسی کے بارے میں آپ کے کچھ خدشات یا کچھ سوالات ہیں تو براہِ مہربانی tl@hoh.net پر ہمیں ای میل کریں یا آپ ہمیں چوتھی منزل، ہاؤس آف حبیب، ۳۔ جناح کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بلاک ۔۷/ ۸، شاہراہِ فیصل، کراچی، پاکستان ۔۷۵۳۵۰ پر تحریری طور پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

ڈیٹا پرائیویسی اور پروٹیکشن آفس

تاریخ۔۔۔۔۔۔